© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**تاریخِ اسلام کی عظیم شخصیات**، ناعمہ صہیب۔ ناشر: فضلی بک سپر مارکیٹ، نزد ریڈیو پاکستان، اُردو بازار، کراچی۔ صفحات: ۵۰۰ (مجلاتی سائز)۔ قیمت مجلد: ۳۵۰ روپے۔

انسانی زندگی کا قافلہ، روشن دماغوں اور کردار کی دولت سے مالا مال انسانوں ہی کے دم سے انسانیت کی پہچان رکھتا ہے۔ قحط الرجال کے اس عہد میں، گزرے لمحوں کی عظیم شخصیات سے واقفیت مایوسی کے پردے ہٹاتی اور امید کے دیے روشن کرتی ہے۔ زیرتبصرہ کتاب عصرِ حاضر کو زیرِ بحث نہ لانے کے باوجود ۲۰ منتخب شخصیات پر کلام کرتے ہوئے بڑی خوب صورتی سے ماضی کو حال سے جوڑ دیتی ہے۔ پھر عصری بحران سے نکلنے کے متعدد راستے خود بخود نگاہوں کے سامنے آجاتے ہیں۔

قرن اوّل سے لے کر موجودہ عہد تک ۲۰ شخصیات کا انتخاب ایک بڑا مشکل اور نازک کام تھا۔ مصنفہ نے ہر شخصیت کے انتخاب کے لیے مطالعے اور دانش کے منصف سے فیصلہ لیا۔ بڑی وسیع معلومات میں سے بنیادی چیزوں کو اس طرح گوندھ کر ہر مضمون کو تشکیل دیا کہ واقعات حسنِ توازن، ہمواری اور معنویت کی شیرازہ بندی کر کے نظروں میں سما جاتے ہیں۔ ایک جانب فقہ، حدیث، دعوت، جہاد جیسے علمی اور عملی کاموں کی تفصیل سامنے آتی ہے تو دوسری طرف تکفیر، فرقہ پرستی، مفاد پرستی اور شرک کی آکاس بیل سے بچاؤ کی تدابیر بھی نظر نواز ہوتی ہیں۔

خوب صورت نقشے اور عام فہم اسلوب نے تاریخ اور تجزیے جیسے بھاری موضوع کو ناول سے زیادہ دل چسپ بنا دیا ہے۔ ہر شخصیت اسلامی تاریخ کے کسی نہ کسی بنیادی رنگ سے واقفیت بہم پہنچاتی ہے۔

زیرِ مطالعہ شخصیت سے ایک خاص نوعیت کی انسیت پیدا ہوتی ہے اور دل میں امنگ پیدا ہوتی ہے کہ خدا کرے ایسی شخصیات دیکھنے کو ملیں۔ طلب اور امید کا یہ سنگم مطالعے کو باثمر بنا دیتا ہے۔

© rasailojaraid.com